تاریخ الجامعہ

جماعتی خبریں

جنوری تا مارچ 2015ء

ابوعبداللہ

❁ **فروری:** تمام برانچ مدارس کا سالانہ امتحان لیا گیا۔ اس موقع پر مدیر تعلیم مولانا ثناء اللہ جانی نے تعلیمی جائزہ بھی لیا

❁ مولانا محمد علی کیریسی بر چھونگ لمبی عمر پا کر طویل علالت کے بعد انتقال کر گئے۔ آپ مدرسہ نصرۃ الاسلام کیریس کے مدرس اور اپنے عہد میں ایک ولولہ انگیز اور انقلابی شخصیت تھے۔ اللہ آپ کی مغفرت فرمائے۔

❁ جنگ آزادی بلتستان کے مرد مجاہد ایکس صوبیدار غلام نبی خپلوی چلاس میں انتقال کر گئے اور سکردو میں مدفون ہوئے۔ انگریزی فوج میں حوالدار بھرتی ہو کر چھوڑ دیا تھا۔ 1947ء میں وطن لوٹے۔ 1948ء کی جنگ آزادی بلتستان اور 1965ء، 1971ء کی پاک بھارت جنگوں میں حصہ لیا۔ مدرسہ تعلیم القرآن بٹھونگ خپلو کی تاسیس سے اس کے مدرس رہے۔ ڈاکٹر عطاء اللہ، ڈائریکٹر امان اللہ، ٹیچرز عتیق اللہ، کفایت اللہ اور رضوان اللہ کے والد ہیں۔ اللہ آپ کی مغفرت فرمائے۔

❁ تعلیمی کمیٹی جامعہ دارالعلوم بلتستان غواڑی کا سالانہ اجلاس زیر صدارت مدیر تعلیم صاحب منعقد ہوا۔ جس میں نصاب تعلیم سے متعلق غور و خوض ہوا۔

❁ گورننگ باڈی الاثر پبلک سکولز سسٹم نے آفاق سیریز کا سلیبس الاثر پبلک سکولز غواڑی، یوگو اور کیریس کے لیے منظور کیا، جو کہ باقاعدہ پڑھایا جا رہا ہے۔

❁ جناب نورانی صاحب تھلوی آفیسر ایجوکیشن ضلع گنگ چھے کی وفات کے موقع پر مدیر عام مولانا عبدالواحد عبداللہ، امیر جماعت مولانا عبدالرحمٰن حنیف، رئیس مجلس عمل مولانا محمد حسین آزاد اور اساتذہ نے جا کر مرحوم کے بھائی حاجی محمد ابراہیم ثنائی سابق کونسلر اور پسماندگان سے تعزیت اور دعائے مغفرت کی۔

❁ **یکم مارچ:** جامعہ دارالعلوم میں تعلیمی سال 2015ء کا آغاز ہوا۔ امسال بھی کافی تعداد میں طلباء نے داخلہ لیا۔

❁ علامہ محمد بشیر براہوی چیف ایڈیٹر ماہنامہ نوائے صوفیہ، مفتی نوربخشیہ نے اسلام آباد میں وفات پائی۔ جسد خاکی آبائی گاؤں براہ لاتے ہوئے غواڑی میں بھی جنازہ پڑھا گیا۔ جس میں رئیس مجلس عمل مولانا محمد حسین آزاد، نائب مدیر تعلیم مولانا فیض اللہ اور بعض علماء نے شرکت کی۔ انتظامیہ دارالعلوم اور اساتذہ نے جا کر براہ میں جماعت نوربخشیہ اور پسماندگان سے تعزیت کی۔ آپ جامعہ دارالعلوم بلتستان کے فیض یافتہ، مفتی، سیاست دان اور معتدل شخصیت کے طور پر معروف تھے۔